رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃالقرآن**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے30منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: فخر و تکبّر سے چلنا کیسا ہے؟

سوال نمبر2: کیا شیطان انسان کا دوست ہے؟

سوال نمبر3: کیا اللہ تعالی کو صرف مشکل میں یاد کرنا چاہیے؟

سوال نمبر4: بروز قیامت حضور اکرم ﷺ کو مقام محمود عطا کیا جائے گا، اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر5: قرآن پاک کی حفاظت کا ذمہ دار کون ہے؟

سوال نمبر6: سورۃ کہف کو کہف کہنے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر7: انسان کو مال و دولت یا کامیابی ملنے پر کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر8: زمین و آسمان میں موجود مخلوق کو پیدا کرنے والا کون ہے؟

سوال نمبر9: حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی کا تختہ کیوں اکھاڑ دیا تھا؟

سوال نمبر10: بروز قیامت نیک مسلمان اور کافر اللہ تعالی کی بارگاہ میں کیسے پیش ہوں گے؟

سوال نمبر11: اللہ تعالی کی ملکیت اور بادشاہت کہاں تک ہے نیز سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 6 میں کیا بیان ہوا ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر12: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو مخاطب فرما کر اپنے کن تین انعامات کا ذکر فرمایا؟

سوال نمبر13: کفار و مشرکین ہمارے پیارے نبی ﷺ کے معجزات دیکھ کر کیا کہتے تھے؟

سوال نمبر14: سورۃ انبیاء میں اللہ تعالی کی وحدانیت پر کیا دلیل بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر15: قوم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں کیوں ڈالا؟

سوال نمبر16: شدید بھڑکتی آگ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کچھ نقصان پہنچایا؟

سوال نمبر17: ہمارے پیارے نبی ﷺ کو کن لوگوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا؟

سوال نمبر18: سورۃ حج کا نام "**الحج**" رکھنے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر19: کیا قربانی کا گوشت اور خون اللہ تعالی کو پہنچتا ہے؟

سوال نمبر20: انسان کی پیدائش کا مقصد بیان کیجئے۔

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: انبیاء کرام علیہم السلام کو جھٹلانے والے ظالموں کا دنیا میں کیا انجام ہوا؟ سورۃ حج کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: کافر حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان نہ لانے کے کیا بہانے بناتے تھے؟

سوال نمبر3: پاکدامن مرد و عورت پر تہمت لگانے والے کی کیا سزا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر4: حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے حضرت یحیٰ علیہ السلام کی ولادت کا واقعہ کس بات کی دلیل ہے؟

سوال نمبر5: فرشتوں کی چند صفات بیان کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: پہلا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 12-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مقتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اِسْرَاء کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) صبح کو جانا (ب) دوپہر کو جانا (ج) رات کو جانا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: اسرائیل یہ۔۔۔ کا لقب ہے۔

(الف) حضرت ایوب علیہ السلام (ب) حضرت داؤد علیہ السلام (ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: حضور ﷺ کے معجزۂ معراج میں۔۔۔ تک کا سفر قرآن مجید سے ثابت ہے۔

(الف) مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ (ب) مسجد حرام سے آسمانوں (ج) مسجد حرام سے عرش (د) مسجد حرام سے سدرۃ المنتہی

سوال نمبر 4: ہم پر۔۔۔ کے حقوق ادا کرنا لازم ہیں۔

(الف) رشتے داروں (ب) مسکینوں (ج) مسافروں (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر 5: قیامت کے دن کفار اندھے، گونگے اور بہرے ہو کر۔۔۔ میدان محشر میں آئیں گے۔

(الف) گھٹنوں کے بل گھسٹتے ہوئے (ب) منہ کے بل گھسٹتے ہوئے (ج) چلتے ہوئے (د) گھسٹتے ہوئے

سوال نمبر 6: حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص۔۔۔ کے دن سورۂ کہف پڑھے گا تو آئندہ۔۔۔ تک اس کے لیے نور کی روشنی ہوگی۔

(الف) پیر (ب) بدھ (ج) جمعرات (د) جمعہ

سوال نمبر 7: جہنمیوں کو پیاس کی شدت میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کا پانی پلایا جائے گا جو ان کے۔۔۔ کو جلا دے گا۔

(الف) منہ (ب) جسم (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: قیامت کے دن زمین کو۔۔۔ بنا دیا جائے گا۔

(الف) میدان (ب) صحراء (ج) سمندر (د) چٹیل میدان

سوال نمبر 9: علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا۔۔۔ کی سنّت ہے۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ہارون علیہ السلام (د) حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال نمبر 10: حضرت ذوالقرنین رحمۃ اللہ علیہ ایک عظیم۔۔۔ تھے۔

(الف) وزیر (ب) حکمران (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: حضرت خضر علیہ السلام نے۔۔۔ کی دیوار کو درست کیا۔

(الف) کشتی والے (ب) غریب (ج) یتیم بچوں (د) بستی

سوال نمبر 12: حضرت مریم رحمۃ اللہ علیہا۔۔۔ کی والدہ ماجدہ ہیں۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ہارون علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر13: کوہ طور (طور کے پہاڑ) پر اللہ تعالی سے مناجات کرنے۔۔۔تشریف لے جاتے تھے۔

(الف) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ہارون علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال نمبر14: دعا میں اپنی حاجت عرض کرنے سے پہلے اللہ تعالی کی۔۔کا ذکر کرنا چاہیے۔

(الف) نعمت (ب) رحمت (ج) لطف و کرم (د) الف، ب اور ج تینوں

سوال نمبر15: جو شخص اللہ تعالی کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اسے۔۔۔عطا فرماتا ہے۔

(الف) دولت (ب) علم (ج) صحت (د) بلندی

سوال نمبر16: جو شخص دنیا و آخرت میں ظاہری و باطنی سلامتی چاہتا ہے وہ۔۔۔سے دور رہے۔

(الف) برے اخلاق (ب) فضول کاموں (ج) فضول گوئی (د) برے ساتھیوں

سوال نمبر17: نیک اعمال کی قبولیت کے لئے۔۔۔ضروری ہے۔

(الف) اعمال صالحہ (ب) ایمان (ج) اخلاص (د) نیت

سوال نمبر18: غَیْ۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف) پہاڑ کی غار (ب) وادی (ج) جہنم کی خوفناک وادی (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر19: کسی کو برائی سے منع کرنے کے لئے جاتے وقت۔۔۔میں مشغول رہنا چاہیے۔

(الف) اچھی باتوں (ب) نیکی کرنے (ج) صدقہ کرنے (د) ذکر الہی

سوال نمبر20: اللہ پاک کے ذکر سے منہ پھیرنے والوں کو بروز قیامت۔۔۔اٹھایا جائے گا۔

(الف) اندھا (ب) گونگا (ج) بہرہ (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر21: سامری کو اس کے جرم کی دنیا میں۔۔۔کی سزا ملی۔

(الف) غربت (ب) بیماری (ج) نہ چھونے (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر22: نماز نہ پڑھنے والے اور نفسانی خواہشات کے پیچھے چلنے والے جہنم کی خوفناک وادی۔۔۔میں ڈالے جائیں گے۔

(الف) سقر (ب) السعیر (ج) الجحیم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کی ملاقات۔۔۔ہوئی تھی۔

(الف) دو پہاڑوں کے ملنے کی جگہ (ب) دو نہروں کے ملنے کی جگہ (ج) دو سمندروں کے ملنے کی جگہ (د) دو سمندروں کے جدا ہونے کی جگہ

سوال نمبر24: وہ کونسی نماز ہے؟ جو امت پر فرض نہیں لیکن نبی کریم ﷺ پر فرض تھی۔

(الف) اشراق (ب) چاشت (ج) اوابین (د) تہجد

سوال نمبر25: دنیاوی زندگی کو۔۔۔سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(الف) نہر کے پانی (ب) دریا کے پانی (ج) آسمان کے پانی (د) سمندر کے پانی

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _______________

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **العقیدۃ+السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **13-02-2024** | دن: **منگل** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: کیا دنیا ہمیشہ رہے گی؟

سوال نمبر 2: کیا جن اور فرشتے بھی نبی ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 3: علم اسماء کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: آسمانی کتاب کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 5: قرآن شریف کس لئے نازل کیا گیا؟

سوال نمبر 6: کیا ہندؤوں کے پاس کوئی خدائی کتاب ہے؟

سوال نمبر 7: ہر آدمی کے ساتھ ایک ہی فرشتہ عمر بھر اس کے عمل لکھتا ہے یا کئی فرشتے؟

سوال نمبر 8: کیا کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن سے قبر میں سوال نہیں ہوتا؟

سوال نمبر 9: حساب کے بعد آدمی کہاں جائیں گے؟

سوال نمبر 10: کیا جنّت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہیں یا پیدا کی جائیں گی؟

سوال نمبر 11: کفار نے جب بنو ہاشم کا مکمل بائیکاٹ کیا تو بنو ہاشم کہاں محصور ہو کر رہ گئے؟

سوال نمبر 12: سفر طائف میں حضور ﷺ نے شریر لوگوں کی شرارت سے بچنے کے لیے کس جگہ پناہ لی؟

سوال نمبر 13: حضور ﷺ نے قبیلۂ قریش کو دعوت اسلام کس پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر دی؟

سوال نمبر 14: جس مسجد میں قبلہ کی تبدیلی کا حکم نازل ہوا اس مسجد کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: حضور ﷺ کی اونٹنی کس صحابی کے مکان کے قریب بیٹھی تھی؟

سوال نمبر 16: ابو جہل کو کن دو بھائیوں نے واصل جہنم کیا؟

سوال نمبر 17: حضور ﷺ ابتدائے اسلام میں خفیہ طور پر صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تربیت کس جگہ فرماتے تھے؟

سوال نمبر 18: خانہ کعبہ میں کتنے بُت تھے؟

سوال نمبر 19: حضور ﷺ پر جب وحی نازل ہونا شروع ہوئی تو اس کی ابتدائی کیفیت کیا تھی؟

سوال نمبر 20: حضور ﷺ نے ہجرت کی رات اپنے بستر پر کس کو سُلایا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: دابۃ الارض کیا چیز ہے؟

سوال نمبر 2: قیامت کی 10 نشانیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: کیا سب مسلمان جنّت میں جائیں گے اور سب کافر دوزخ میں؟ اور یہ دونوں جنّت و دوزخ میں کتنا عرصہ رہیں گے؟

سوال نمبر 4: شہدائے احد کو کہاں اور کس طرح دفن کیا گیا؟

سوال نمبر 5: جنگ بدر کے قیدیوں میں جو کفار درہم کا فدیہ نہیں دے سکے تو انہیں کس چیز کے عوض آزاد کیا گیا؟

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: العقیدۃ+السیرۃ النبویۃ

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: اللہ تعالیٰ نے خلق کی ہدایت کے لئے جن پاک بندوں کو اپنے احکام پہنچانے کے واسطے بھیجا ان کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) مقرب فرشتہ (ب) فرشتہ (ج) نبی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: انبیاء علیہم السلام وہ۔۔۔ ہیں جن کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی آتی ہے۔

(الف) فرشتے (ب) نورانی مخلوق (ج) بشر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: انبیاء علیہم السلام کا۔۔۔سب اعلیٰ درجے کے ہوتے ہیں۔

(الف) نام، نسب، جسم (ب) قول، فعل (ج) حرکات، سکنات (د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 4: نبوّت بہت بلند اور بڑا مرتبہ ہے۔ کوئی شخص۔۔۔وغیرہ سے حاصل نہیں کر سکتا۔

(الف) عبادت (ب) صدقہ (ج) اعمال صالحہ (د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر 5: نبی کی فرمانبرداری۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) اہم

سوال نمبر 6: جو نئی شریعت لائے ان کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) فرشتہ (ب) مقرب فرشتہ (ج) نبی (د) رسول

سوال نمبر 7: اللہ تعالیٰ نے۔۔۔کو اپنی قدرت کاملہ سے بغیر ماں باپ کے پیدا کیا اور انہیں اپنا خلیفہ بنایا۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت صالح علیہ السلام

سوال نمبر 8۔۔۔غیر نبی کے پاس نہیں آتی، جو اس کا قائل ہو وہ کافر ہے۔

(الف) وحی (ب) وحی نبوّت (ج) الہام (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر 9: انبیاء علیہم السلام کے علاوہ۔۔۔ بھی معصوم ہیں۔

(الف) حضرت جبرائیل علیہ السلام (ب) حضرت میکائیل علیہ السلام (ج) حضرت اسرافیل علیہ السلام (د) تمام فرشتے

سوال نمبر 10: جو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہو اور اس وجہ سے اس کا گناہ کرنا ناممکن ہو اس کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) حافظ (ب) محفوظ (ج) عاصم (د) معصوم

سوال نمبر 11: وہ عجیب و غریب کام جو عادتاً ناممکن ہو، اگر نبوت کا دعویٰ کرنے والے سے اس کی تائید میں ظاہر ہو تو اس کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) معونت (ب) معجزہ (ج) کرامت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر 12: حضور ﷺ نے انبیاء علیہم السلام کی امامت۔۔۔میں فرمائی؟

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) بیت المقدس (د) بیت اللحم

سوال نمبر13:۔۔۔عیسوی کے اپریل کی 20تاریخ تھی جب حضور ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

(الف)271ء (ب)371ء (ج)471ء (د)571ء

سوال نمبر14: حضور ﷺ کا پہلا شق صدر قبیلہ۔۔۔میں ہوا۔

(الف)اوس (ب)خزرج (ج)ہمدان (د)بنوسعد

سوال نمبر15: جب حضور ﷺ کی عمر مبارک 8سال کی ہوئی تو آپ ﷺ اپنے چچا۔۔۔کے گھر ان کی کفالت میں آئے۔

(الف)ابوطالب (ب)عباس (ج)حمزہ (د)عبدالکعبہ

سوال نمبر16: نسطورا راہب حضور ﷺ کو دیکھ کر کہنے لگا کہ مجھے ان میں وہ تمام نشانیاں نظر آرہی ہیں جو میں نے۔۔۔میں پڑھی ہیں۔

(الف)صحیفوں (ب)توریت (ج)انجیل اور صحیفوں (د)توریت اور زبور

سوال نمبر17: ملک شام کے راہب نے حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک کی کس چیز کی علامت معلوم کرکے کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ﷺ ہیں؟

(الف)پیشانی مبارک (ب)لب مبارک (ج)رخسار مبارک (د)آنکھوں کی سرخی

سوال نمبر18: حضرت۔۔۔رضی اللہ عنہ کے گلے میں رسی باندھ کر بازاروں میں گھسیٹا جاتا۔

(الف)بلال (ب)خبّاب (ج)عمّار (د)الف اور ج دونوں

سوال نمبر19: حضور ﷺ کے والدین کریمین رضی اللہ عنہما کے وصال کے بعد آپ کی پرورش۔۔۔کے یہاں ہوئی۔

(الف)چاچا (ب)داداجان (ج)خالو (د)خالہ

سوال نمبر20: حضرت خدیجہ کا نسب۔۔۔واسطوں سے حضور ﷺ سے ملتا ہے۔

(الف)ایک (ب)دو (ج)تین (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: جب حضور ﷺ کی شادی مبارک حضرت خدیجہ سے ہوئی تو آپ ﷺ کے چچا۔۔۔نے نکاح کا خطبہ پڑھا۔

(الف)حضرت حمزہ (ب)حضرت عباس (ج)ابوطالب (د)الزبیر

سوال نمبر22: حبشہ کا بادشاہ نجاشی۔۔۔دین پر تھا۔

(الف)یہودی (ب)عیسائی (ج)بدھ مت (د)مجوسی

سوال نمبر23: اعلان نبوّت کے پانچویں سال گیارہ مرد اور چار عورتوں کے ایک قافلے نے حبشہ کی طرف ہجرت کی اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)عقبۂ اولی (ب)ہجرت انصار (ج)ہجرت اولی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24:۔۔۔سال تک تمام بنوہاشم شعب ابی طالب کی گھاٹی میں محصور رہے۔

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)5

سوال نمبر25: اعلان نبوّت کے دسویں سال کا نام عام الحزن۔۔۔کی وفات کی وجہ سے رکھا گیا۔

(الف)حضرت خدیجہ (ب)ابوطالب (ج)عبدالمطلب (د)حضرت خدیجہ اور ابوطالب

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے30منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: اگر کسی نے غسل کر لیا لیکن وضو نہیں کیا، تو کیا اس کو الگ سے وضو کرنے کی ضرورت ہے؟

سوال نمبر2: کیا کپڑے تبدیل کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال نمبر3: معذور شرعی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر4: کیا معذور شرعی کا وضو اس چیز سے چلا جاتا ہے جس مرض کی وجہ سے وہ معذور ہے؟

سوال نمبر5: مکمل قرآن پاک، کسی آیت یا ترجمہ کو بے وضو چھونے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر6: کیا وضو میں بھی اسراف ہے؟ اس سوال کے جواب میں حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر7: غسل کی نیت کیسے کریں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر8: کیا فوارہ جاری پانی کے حکم میں ہے؟

سوال نمبر9: لوگوں کے سامنے ستر کھول کر نہانے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر10: بے وضو دینی کتابوں کے چھونے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر11: حضور ﷺ نے غسل خانے میں پیشاب کرنے سے کیوں منع فرمایا؟

سوال نمبر12: کیا تیمّم میں سر اور پاؤں کا مسح ہوتا ہے؟

سوال نمبر13: ثناء تحریر کیجئے۔

سوال نمبر14: قومہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر15: چار رکعت والی نماز میں دوسرے قعدے کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر16: نماز میں طہارت شرط ہے، اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر17: مرد کے لئے ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

سوال نمبر18: استقبال قبلہ کسے کہتے ہیں؟ معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر19: تحرّی (یعنی غور و فکر) کرنے کے بعد نماز پڑھی بعد میں معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی۔ نماز ہو گئی یا نہیں؟ حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر20: اسلامی بہنوں کے لئے کس وقت نماز فجر ادا کرنا مستحب ہے؟

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: تشہّد (التحیات) تحریر کیجئے۔ اعراب لگانے کی ضرورت نہیں۔

سوال نمبر2: (الف) کسی شخص نے دل میں ظہر کی نماز پڑھنے کی نیت کی لیکن زبان سے لفظ عصر نکل گیا۔ تو نماز ظہر ہو گئی یا نہیں؟

(ب) نیز بتائیں کہ کیا نماز کو "اللہ اکبر" کہہ کر شروع کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر3: کیا امام کی قراءت مقتدی کے لئے کافی ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: فرض کی صرف ایک رکعت میں قراءت کی تو کیا نماز ہو گئی؟

سوال نمبر5: رکوع میں اتنا جھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں، یہ رکوع کا کونسا درجہ ہے نیز سجدے میں پیشانی جمنے کے کیا معنی ہیں؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عامہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: ___________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: وضو کے لئے اونچی جگہ بیٹھنا۔۔۔ ہے۔

(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر2: وضو کے لئے نیّت۔۔۔ ہے۔

(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر3: وضو سے پہلے۔۔۔ پڑھنے کی برکت سے جب تک وضو رہے گا فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔

(الف) بسم اللہ (ب) الحمد للہ (ج) بسم اللہ و الحمد للہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر4: منہ سے خون نکلا اب اگر تھوک زرد (پیلا) ہو تو خون پر تھوک غالب مانا جائے گا، لہٰذا وضو۔۔۔ اور یہ زرد تھوک۔۔۔ ہے۔

(الف) ٹوٹ جائے گا، ناپاک (ب) نہیں ٹوٹے گا، پاک (ج) نہیں ٹوٹے گا، ناپاک (د) ٹوٹ جائے گا، پاک

سوال نمبر5: وضو میں دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر6: نیند سے وضو ٹوٹنے کی۔۔۔ شرطیں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر7: وسوسے کی صورت میں احتیاطاً وضو کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) بہتر (ب) اسراف (ج) اتباع شیطان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر8: غسل کے۔۔۔ فرائض ہیں۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 3 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: جس نے اچھی طرح وضو کیا اور کلمۂ شہادت پڑھا اسکے لئے جنّت کے۔۔۔ دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے اندر داخل ہو۔

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر10: آپ باوضو تھے اب شک آنے لگا کہ پتا نہیں وضو ہے یا نہیں تو ایسی صورت میں آپ۔۔۔ ہیں کیونکہ شک سے وضو۔۔۔ ہے۔

(الف) باوضو، نہیں ٹوٹتا (ب) باوضو نہیں، ٹوٹ جاتا (ج) باوضو نہیں، مکروہ ہو جاتا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر11: غسل کرنے کے بعد اگر مکروہ وقت نہ ہو تو۔۔۔ رکعت نفل ادا کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) چار، مستحب (ب) دو، سنت (ج) دو، مستحب (د) چار، سنت

سوال نمبر12: بدن پر نجاست لگی اور یہ معلوم نہ ہوا کہ کس جگہ لگی ہے تو ایسی صورت میں غسل کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) سنت (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر13: جس پر چند غسل ہوں مثلاً غسل فرض، عید اور جمعہ تو تینوں کی نیت کرکے ایک غسل کرلیا تو۔۔۔

(الف) کوئی بھی ادا نہیں ہوا (ب) سب ادا ہوگئے (ج) سب کا ثواب ملے گا (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر14: اگر دوران وضو کسی عضو کے دھونے میں شک واقع ہوا، اگر یہ زندگی کا پہلا واقعہ ہے تو اس عضو کو۔۔۔

(الف) چھوڑ دیجئے (ب) توجہ نہ دیجئے (ج) دھو لیجئے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: تیمّم میں نیت۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت (ج) مستحب (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر16: معذور شرعی کا وضو اس مرض سے۔۔۔جس مرض کی وجہ سے وہ شرعی معذور ہے۔

(الف) ٹوٹ جائے گا (ب) نہیں ٹوٹے گا (ج) کبھی ٹوٹے گا اور کبھی نہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: جنبی شخص کا قرآن پاک کی آیت کو بطور دعا یا تبرک پڑھنا کیسا؟

(الف) پڑھ سکتا ہے۔ (ب) پڑھنا جائز ہے (ج) پڑھنے میں کوئی حرج نہیں (د) الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر18: بال میں اگر گرہ پڑ جائے تو اسے کھول کر پانی بہانا۔۔۔

(الف) ضروری ہے (ب) ضروری نہیں (ج) مستحب ہے (د) سنت ہے

سوال نمبر19: جس پر غسل فرض ہو اس کو اذان کا جواب دینا۔۔۔ہے۔

(الف) منع (ب) جائز (ج) ناجائز (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: کھانا پکانے والے کے ناخن میں آٹا، لکھنے والے کے ناخن میں سیاہی کا جِرم رہ گیا اور توجہ نہ رہی تو ایسی صورت میں غسل کیا تو غسل۔۔۔

(الف) نہیں ہوگا (ب) ہو جائے گا (ج) دوبارہ کرنا بہتر ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: دودھ پیتے بچے کا دودھ معدے تک نہیں پہنچا صرف سینے تک پہنچ کر پلٹ آیا تو۔۔۔ہے۔

(الف) پاک (ب) ناپاک (ج) دھونا ضروری (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر22: تیمّم کے تیسرے فرض کی درست نشاندہی کریں۔

(الف) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں پر مٹی پھیرنا (ب) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کو دھونا

(ج) کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا (مٹی سے) مسح کرنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: سارا مال خیرات کرکے بال بچّوں کو فقیر بنا دینا۔۔۔ہے۔

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) بے جا خرچ/اسراف (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر24: اذان میں "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" کس کے جواب میں کہا جاتا ہے؟

(الف) حی علی الصلوۃ (ب) حی علی الفلاح (ج) الصلوۃ خیر من النوم (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر25: اگر بہتے پانی مثلاً دریا، یا نہر میں نہایا تو تھوڑی دیر اس میں رکنے سے۔۔۔ادا ہو گئی۔

(الف) تین بار دھونے کی سنت (ب) دھونے میں ترتیب کی سنت

(ج) غسل سے پہلے وضو کرنے کی سنت (د) الف، ب، ج تینوں

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ______________ | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان** | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ____________ | درجہ: **عامہ سال اول**    پرچہ: **چوتھا**    مضمون: **الصرف**<br>تاریخ: **15-02-2024**    دن: **جمعرات**    کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ**    کل نمبر: **75** | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم صرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: جَمَلٌ (اونٹ)، فِیْ (میں) اور جَلَسَ (وہ بیٹھا) کے معنی پر غور کرتے ہوئے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کرکے نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل مجہول کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ضمیر کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ضمیر مرفوع منفصل کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: فعل مضارع معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "ضَرْبٌ" مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حروف اصلیہ کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: حروف زائدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: اجوف واوی اور یائی کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "فاعل ذی کذا" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: تَتَنَزَّلُ سے تَنَزَّلُ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: اسم فاعل اور صفت مشبہ میں کیا کیا فرق ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: اُءْكُلْ، اُءْخُذْ اور اُءْمُرْ سے كُلْ، خُذْ اور مُرْ بن گئے۔ کیسے بنے؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال کے مصدر "اِیْمَانٌ" (پناہ دینا) سے صرف صغیر کے تحت آنے والے افعل التفضیل اور فعل تعجب کے صیغے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا۔ مَدَّ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: مَدٌّ مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: عِدَةٌ مصدر سے فعل امر غائب و متکلم معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: باب کسے کہتے ہیں؟ اور ثلاثی مجرد کے کون کون سے ابواب ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی چار کی تعریف تحریر کیجئے۔

اسم فاعل     صفت مشبّہ     اسم ظرف     اسم آلہ     اسم مبالغہ

سوال نمبر 3: یَدْعُوُ اور یَرْمِیُ اصل میں کیا تھے؟ قواعد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اِقَامَةٌ اور اِسْتِقَامَةٌ اصل میں کیا تھے؟ قواعد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ جیسے فَرَّ یَفِرُّ (بھاگنا) سے صرف صغیر تحریر کیجئے۔

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: چوتھا | مضمون: الصرف
تاریخ: 15-02-2024 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: __________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: علم صرف کا موضوع کلمہ ہے،۔۔۔کے اعتبار سے۔

(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) صیغہ

سوال نمبر 2: بامعنی لفظ کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) کلمہ (ب) اسم (ج) فعل (د) حرف

سوال نمبر 3: اِذْهَبْ (تو جا) فعلِ۔۔۔ہے۔

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

سوال نمبر 4: وہ فعل جسکا فاعل معلوم ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول (ج) نائب الفاعل (د) مفعول

سوال نمبر 5: غُلَامُهٗ میں ہٗ ضمیر۔۔۔متصل ہے۔

(الف) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: ضَرَبْتُ میں تُ ضمیر مرفوع متصل۔۔۔ہے۔

(الف) بارز (ب) مستتر (ج) مفعول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: "رَفَعْنَا"۔۔۔ہے۔

(الف) صیغہ واحد متکلم (ب) صیغہ جمع متکلم (ج) صیغہ واحد مذکر حاضر (د) صیغہ واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر 8: فعل ماضی مجہول۔۔۔سے بنتا ہے۔

(الف) ماضی معروف (ب) مضارع مجہول (ج) مضارع معروف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: فعل مضارع میں "نون۔۔۔کے شروع میں آتا ہے۔

(الف) واحد مذکر حاضر (ب) واحد مؤنث حاضر (ج) واحد متکلم (د) جمع متکلم

سوال نمبر 10: مضارع کے دو صیغوں۔۔۔کے آخر میں نون ضمیری ہوتا ہے۔

(الف) واحد مؤنث حاضر، جمع مؤنث حاضر (ب) واحد مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر

(ج) جمع مؤنث حاضر، جمع مذکر حاضر (د) جمع مؤنث حاضر، جمع مؤنث غائب

سوال نمبر 11: مضارع کے سات صیغوں کے آخر میں۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) نون ضمیری (ب) نون اعرابی (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: حروف مضارع کو ضمّہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے اس عمل سے فعل۔۔۔بنتا ہے۔

(الف) ماضی مجہول (ب) مضارع معروف (ج) مضارع مجہول (د) امر

سوال نمبر 13: یُرْزَقُوْنَ صیغے کی درست پہچان کیجئے۔

(الف) صیغہ واحد مذکر غائب (ب) صیغہ جمع مذکر غائب (ج) صیغہ واحد مذکر حاضر (د) صیغہ واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر14: حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر15: حروف اصلیہ کے ساتھ کلمہ میں کوئی زائد حرف نہ ہو تو اسے۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(الف)ثلاثی (ب)خماسی (ج)مجرد (د)مزید فیہ

سوال نمبر16: جَحْمَرِشٌ (بوڑھی عورت)۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف)ثلاثی مجرد (ب)رباعی مجرد (ج)خماسی مجرد (د)خماسی مزید فیہ

سوال نمبر17: وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی ہمزہ ہو، اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مہموز (ب)مضاعف (ج)مثال (د)اجوف

سوال نمبر18: وہ کلمہ جس کا فاء کلمہ حرف علّت ہو، اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)صحیح (ب)مضاعف (ج)مثال (د)ناقص

سوال نمبر19: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف علّت ہوں، اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مثال (ب)اجوف (ج)مضاعف (د)لفیف

سوال نمبر20: درج ذیل صیغوں میں سے اسم مفعول واحد مؤنث کے صیغے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف)فاعلان (ب)فَعَلَةٌ (ج)مفعولة (د)مفعولات

سوال نمبر21: رباعی مجرد۔۔۔

(الف)صرف ایک باب ہے۔ (ب)دو باب ہیں۔ (ج)تین باب ہیں۔ (د)چار باب ہیں۔

سوال نمبر22: درج ذیل میں سے رباعی مزید فیہ کے باب کی نشاندہی کیجئے۔

(الف)تَفَعْلُلٌ (ب)اِفْعِلَّالٌ (ج)اِفْعِنْلَالٌ (د)الف، ب، ج تینوں

سوال نمبر23: غیر ثلاثی مجرد ابواب میں فعل مضارع معروف میں علامت مضارع کو ضمّہ اور ما قبل آخر کو فتحہ دیں تو۔۔۔بنتا ہے۔

(الف)فعل ماضی معروف (ب)فعل مضارع مجہول (ج)فعل امر غائب و متکلم معروف (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: اِجْتَنَبَ۔۔۔اِجْتِنَاباً۔ درست صیغے سے خالی جگہ پر کیجئے۔

(الف)یَجْتَنِبُ (ب)مُجْتَنِبٌ (ج)یُجْتَنَبُ (د)مُجْتَنَبٌ

سوال نمبر25: الامر منه: اِسْتَنْصِرْ۔۔۔، لِیَسْتَنْصِرْ لِیُسْتَنْصَرْ۔ درست صیغے سے خالی جگہ پر کیجئے۔

(الف)لا تَسْتَنْصِرْ (ب)لِیَسْتَنْصِرْ (ج)لِتُسْتَنْصَرْ (د)اشَدَّ اِسْتِنْصَاراً

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: النحو+اللغۃالعربیۃ

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2گھنٹے30منٹ | کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات(Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: معرفہ اور نکرہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: مُعَرَّف بالاضافۃ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: مؤنث حقیقی کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: جمع قلّت کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا نون کس صورت میں گرجاتا ہے؟

سوال نمبر 6: جملہ خبریہ کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اعراب لفظی اور اعراب تقدیری کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: افعال ناقصہ کا اسم اور خبر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: کس ظرف سے پہلے فِیْ لانا واجب ہے؟

سوال نمبر 10: حال اور ذوالحال کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 11: صفت حقیقی اور صفت سببی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: معطوف اور معطوف علیہ کسے کہتے ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "مِنْ اَیْنَ انتَ"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: "انا مُتعَب" کا اردو ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "ماذا بکِ یا حبیبتی"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: "سَاَنْتَظِرُکَ علَی الْغَدَاءِ" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: "اَاَنْتِ مِنْ قَطَرٍ"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: "مَا جِنْسِیَّتُکَ"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: "ماذا یعملُ اَخُوْکَ"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: "هَلْ اَنْتِ تِلْمِیْذَةٌ"؟ کا عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات(Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: بدل کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: اسم فعل منقول، معدول اور مرتجل کسے کہتے ہیں نیز ان تینوں میں سے کسی ایک کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: کم استفہامیہ اور کم خبریہ کی تعریف کیجئے، نیز یہ بتائیے کہ کم استفہامیہ کی تمیز کس طرح آتی ہے؟

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کسی دو کے جوابات تحریر کیجئے۔

(1) صفتِ مشبّہ کے عمل کی شرط تحریر کیجئے۔ (2) افعالِ مقاربہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

(3) کن صورتوں میں افعال قلوب کو عمل دینا یا نہ دینا دونوں جائز ہیں؟

سوال نمبر 5: درج ذیل کسی بھی دو جملوں کے عربی میں جواب تحریر کیجئے۔

اَیْنَ تَدْرُسُ؟ فِیْ اَیِّ صَفٍّ یَدْرُسُ رَیَّانُ؟ ماذا تَفْعَلُ؟

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "نَصَرَ رَجُلٌ" درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) مرکب ناقص (ب) جملہ فعلیہ (ج) جملہ اسمیہ (د) جملہ انشائیہ

سوال نمبر 2: "دَیْزٌ" درج ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) مرکب ناقص (ب) جملہ اسمیہ (ج) جملہ فعلیہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: الف لام اور۔۔۔ایک اسم میں جمع نہیں ہو سکتے۔

(الف) حرف جر (ب) تنوین (ج) گول تاء (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: "یَارَجُلُ" معرفہ کی اقسام میں سے کیا ہے؟

(الف) اسم ضمیر (ب) معرف باللام (ج) معرف بالنداء (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: تانیث کی کتنی علامتیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 6: "طَرِیْقٌ" درج ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) مذکر (ب) مؤنث

(ج) مذکر و مؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: درج ذیل میں سے نکرۂ مخصوصہ کی نشاندہی کریں۔

(الف) قلمُ ولدٍ (ب) قلمُ زیدٍ (ج) مَاءُ النّھرِ (د) غلامُ زیدٍ

سوال نمبر 8: جمع سالم کا دوسرا نام کیا ہے؟

(الف) جمع تکسیر (ب) جمع قلّت (ج) اسم جمع (د) جمع تصحیح

سوال نمبر 9: درج ذیل میں سے مؤنث لفظی کی نشاندہی کریں۔

(الف) وَرَقَۃٌ (ب) خَلِیْفَۃٌ (ج) اَرْضٌ (د) حَالٌ

سوال نمبر 10: "لَیْتَ زَیْدًا فَازَ" درج ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) امر (ب) نہی (ج) استفہام (د) تمنّی

سوال نمبر 11: "سَمِعَ الصَّوْتُ" میں الصوت کیا ہے؟

(الف) فاعل (ب) نائب الفاعل (ج) مبتدا (د) خبر

سوال نمبر 12: ضمیر عائد اگر صلہ کے شروع میں ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) ابتدائے صلہ (ب) ضمیر صلہ (ج) صدر صلہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: جس جملے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جا سکتا ہو اسے جملہ انشائیہ کہتے ہیں۔ درج ذیل جملوں میں سے جملہ انشائیہ کی نشاندہی کریں۔

(الف) زیدٌ عالمٌ (ب) ذھب خالدٌ (ج) اِبعثْ (د) قام ولدٌ

سوال نمبر14: ضمیر کی پانچ اقسام میں سے "ھُوَ" کا تعلق کس سے ہے؟

(الف) ضمیر مرفوع متصل (ب) ضمیر مرفوع منفصل (ج) ضمیر منصوب متصل (د) ضمیر مجرور متصل

سوال نمبر15: "اِنَّہٗ" میں "ہٗ" ضمیر۔۔۔ہے۔

(الف) مرفوع متصل (ب) مرفوع منفصل (ج) منصوب متصل (د) مجرور متصل

سوال نمبر16: اسم منقوص کی حالت نصبی کس سے آتی ہے؟

(الف) الف سے (ب) فتحہ لفظی سے (ج) فتحہ تقدیری سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: نواصب مضارع۔۔۔صیغوں کے آخر سے نون اعرابی کو گرا دیتے ہیں۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر18: جس مضارع پر کوئی ناصب یا جازم نہ ہو تو وہ مضارع۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: حروف مشبّہ بالفعل۔۔۔ہیں۔

(الف) تین (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

سوال نمبر20: "مااسمھا؟" کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(الف) اسمھا ریّان (ب) اسمہ زینب (ج) اسمی ریّان (د) اسمھا زینب

سوال نمبر21: "ھذا مُوَظَّفٌ" کے درست معنی کی نشاندہی کریں۔

(الف) یہ بیمار ہے (ب) یہ پرنسپل/ناظم ہیں (ج) یہ انجینئر ہے (د) یہ ملازم ہے

سوال نمبر22: "ھَلْ انتَ بخیرٍ؟" کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(الف) سعدت بلقائک (ب) لیس بخیرٍ (ج) لَیَسْتُ بخیرٍ (د) لستُ بخیرٍ

سوال نمبر23: "مُمَرِّضٌ" کے درست معنی کی نشاندہی کریں۔

(الف) تیمار دار آدمی (ب) تیمار دار خاتون (ج) استاد (د) انجینئر

سوال نمبر24: "مُدِیْرَۃٌ" کے درست معنی کی نشاندہی کریں۔

(الف) ملازم (ب) ملازمہ (ج) ناظم (د) ناظمہ

سوال نمبر25: "مَنْ اَنْتِ؟" کے درست جواب کی نشاندہی کریں۔

(الف) انتَ سلمٰی (ب) انتِ سلمٰی (ج) انا سلمٰی (د) ھِیَ سلمٰی